SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Sunday, October, 11, 1987

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House), Islamabad, at five of the clock in the evening, with Mr. Deputy Chairman (Malik Muhammad Ali Khan) in the Chair.

(RECITATION FROM THE HOLY QURAN)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمِنْ ءَايَٰتِهِۦ خَلْقُ
ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَٱخْتِلَٰفُ أَلْسِنَتِكُمْ وَأَلْوَٰنِكُمْ ۚ إِنَّ
فِى ذَٰلِكَ لَءَايَٰتٍ لِّلْعَٰلِمِينَ ﴿٢٢﴾ وَمِنْ ءَايَٰتِهِۦ مَنَامُكُم بِٱلَّيْلِ
وَٱلنَّهَارِ وَٱبْتِغَآؤُكُم مِّن فَضْلِهِۦٓ ۚ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَٰتٍ
لِّقَوْمٍ يَسْمَعُونَ ﴿٢٣﴾ وَمِنْ ءَايَٰتِهِۦ يُرِيكُمُ ٱلْبَرْقَ
خَوْفًا وَطَمَعًا وَيُنَزِّلُ مِنَ ٱلسَّمَآءِ مَآءً فَيُحْىِۦ بِهِ ٱلْأَرْضَ
بَعْدَ مَوْتِهَآ ۚ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَٰتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ﴿٢٤﴾
وَمِنْ ءَايَٰتِهِۦٓ أَن تَقُومَ ٱلسَّمَآءُ وَٱلْأَرْضُ بِأَمْرِهِۦ ۚ ثُمَّ إِذَا دَعَاكُمْ
دَعْوَةً مِّنَ ٱلْأَرْضِ إِذَآ أَنتُمْ تَخْرُجُونَ ﴿٢٥﴾ وَلَهُۥ مَن فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ
وَٱلْأَرْضِ ۖ كُلٌّ لَّهُۥ قَٰنِتُونَ ﴿٢٦﴾ وَهُوَ ٱلَّذِى يَبْدَؤُا۟ ٱلْخَلْقَ
ثُمَّ يُعِيدُهُۥ وَهُوَ أَهْوَنُ عَلَيْهِ ۚ وَلَهُ ٱلْمَثَلُ ٱلْأَعْلَىٰ فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ
وَٱلْأَرْضِ ۚ وَهُوَ ٱلْعَزِيزُ ٱلْحَكِيمُ ﴿٢٧﴾

ترجمہ : شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور رحم والا ہے
اور اسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے آسمانوں اور زمین
کا پیدا کرنا۔ اور تمہاری زبانوں اور رنگوں کا جدا جدا ہونا۔
اہل دانش کے لئے اِن (باتوں) میں (بہت سی) نشانیاں ہیں۔

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Sunday, October, 11, 1987

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House), Islamabad, at five of the clock in the evening, with Mr. Deputy Chairman (Malik Muhammad Ali Khan) in the Chair.

(RECITATION FROM THE HOLY QURAN)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمِنْ ءَايَٰتِهِۦ خَلْقُ
ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَٱخْتِلَٰفُ أَلْسِنَتِكُمْ وَأَلْوَٰنِكُمْ إِنَّ
فِى ذَٰلِكَ لَءَايَٰتٍ لِّلْعَٰلِمِينَ ﴿٢٢﴾ وَمِنْ ءَايَٰتِهِۦ مَنَامُكُم بِٱلَّيْلِ
وَٱلنَّهَارِ وَٱبْتِغَآؤُكُم مِّن فَضْلِهِۦٓ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَٰتٍ
لِّقَوْمٍ يَسْمَعُونَ ﴿٢٣﴾ وَمِنْ ءَايَٰتِهِۦ يُرِيكُمُ ٱلْبَرْقَ
خَوْفًا وَطَمَعًا وَيُنَزِّلُ مِنَ ٱلسَّمَآءِ مَآءً فَيُحْىِۦ بِهِ ٱلْأَرْضَ
بَعْدَ مَوْتِهَآ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَٰتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ﴿٢٤﴾
وَمِنْ ءَايَٰتِهِۦٓ أَن تَقُومَ ٱلسَّمَآءُ وَٱلْأَرْضُ بِأَمْرِهِۦ ثُمَّ إِذَا دَعَاكُمْ
دَعْوَةً مِّنَ ٱلْأَرْضِ إِذَآ أَنتُمْ تَخْرُجُونَ ﴿٢٥﴾ وَلَهُۥ مَن فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ
وَٱلْأَرْضِ ۖ كُلٌّ لَّهُۥ قَٰنِتُونَ ﴿٢٦﴾ وَهُوَ ٱلَّذِى يَبْدَؤُا۟ ٱلْخَلْقَ
ثُمَّ يُعِيدُهُۥ وَهُوَ أَهْوَنُ عَلَيْهِ ۚ وَلَهُ ٱلْمَثَلُ ٱلْأَعْلَىٰ فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ
وَٱلْأَرْضِ ۚ وَهُوَ ٱلْعَزِيزُ ٱلْحَكِيمُ ﴿٢٧﴾

ترجمہ: شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور رحم والا ہے
اور اُسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے آسمانوں اور زمین
کا پیدا کرنا۔ اور تمہاری زبانوں اور رنگوں کا جُدا جُدا ہونا۔
اہل دانش کے لئے اِن (باتوں) میں (بہت سی) نشانیاں ہیں۔

اور اسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے تمہارا رات اور دن میں سونا اور اس کے فضل کا تلاش کرنا۔ جو لوگ سنتے ہیں اُن کے لئے اِن (باتوں) میں (بہت سی) نشانیاں ہیں اور اُسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے کہ تم کو خوف اور اُمید دلانے کے لئے بجلی دکھاتا ہے اور آسمان سے مینہ برساتا ہے۔ پھر زمین کو اُس کے مر جانے کے بعد زندہ (و شاداب) کر دیتا ہے۔ عقل والوں کے لئے ان (باتوں) میں (بہت سی) نشانیاں ہیں اور اُسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے کہ آسمان اور زمین اسی کے حکم سے قائم ہیں۔ پھر جب وہ تم کو زمین میں سے (نکلنے کے لئے) آواز دے گا تو تم جھٹ نکل پڑو گے اور آسمانوں اور زمین میں جتنے (فرشتے اور انسان وغیرہ) ہیں اُسی کے (مملوک) ہیں اور تمام اُس کے فرمانبردار ہیں اور وہی تو ہے جو خلقت کو پہلی دفعہ پیدا کرتا ہے پھر اُسے دوبارہ پیدا کرے گا۔ اور یہ اُس کو بہت آسان ہے۔ اور آسمانوں اور زمین میں اُس کی شان بہت بلند ہے۔ اور وہ غالب حکمت والا ہے۔

LEAVE OF ABSENCE

جناب ڈپٹی چیئرمین : جزاک اللہ۔ رخصت کی درخواستیں۔ جناب اکرم سلطان صاحب اپنی مصروفیات کی بنا پر ایوان میں ۸ اکتوبر کو شرکت نہیں کر سکے اس لئے انہوں نے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب احمد میاں سومرو نے اپنی مصروفیات کی بنا پر ۱۱ تا ۱۵ اکتوبر ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان

رخصت کی درخواست قبول کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب صاحبزادہ سلطان عبدالمجید صاحب نے اپنی ذاتی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۱۱، اکتوبر تا ۱۵، اکتوبر رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان رخصت کی درخواست منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب پیر الحاج سید محمد شاہ جیلانی ناسازئ طبع کی بنا پر مورخہ ۸، اکتوبر کو اجلاس میں شرکت نہ کر سکے اس لئے انہوں نے ایوان سے اس تاریخ کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے، کیا ایوان رخصت کی درخواست کی اجازت دیتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب عبدالمجید قاضی صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ یکم اکتوبر تا ۱۰، اکتوبر اجلاس میں شرکت نہ کر سکے، انہوں نے ان ایام کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان رخصت کی اجازت دیتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب امانِ روم ایک وفد کے ہمراہ جاپان گئے ہوئے تھے اس لئے انہوں نے ایوان سے ۲۱ ستمبر تا ۳، اکتوبر رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

ARRESTS OF ULEMAS IN KARACHI

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب مولانا سمیع الحق صاحب پوائنٹ آف آرڈر۔

مولانا سمیع الحق : جنابِ والا! پاکستان چونکہ ایک اسلامی جمہوریہ ہے اور اسلام کا نام ہم سب لیتے ہیں تو میں ایک ایسے واقعہ کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا ضروری سمجھتا ہوں جو آج کل کراچی میں رونما ہوا ہے۔ اس پر اگر ہم تحریک التوا وغیرہ کا انتظار کریں تو اس کا موقع نہیں آئے گا۔

[Maulana Samiul Haq]

تقریباً اڑھائی سو علماء گرفتار کیئے گئے ہیں۔ اخبارات میں آیا ہے کہ بعض علماء کی انتہائی شرمناک طریقے سے تذلیل کی گئی ہے۔ ان کی ڈاڑھیاں نوچی گئی ہیں۔ وہ نہایت پرامن اسلامی عقیدے کے متعلق عظمت صحابہ کانفرنس کرنا چاہتے تھے کہ چاروں طرف سے پولیس نے جامعہ مسجد بنوری ٹاؤن کی حدود کو گھیر لیا۔ جن لوگوں نے ۱۴۴ کی نافرمانی نہیں کی تھی ایک ایک کر کے پرامن طریقے سے مسجد میں آرہے تھے ان کو بھی گرفتار کیا۔ "جنگ" اخبار میں ساری تفصیلات آپ کے سامنے آسکتی ہیں۔ اب تک ۲۲۰۰ افراد گرفتار کیئے گئے ہیں ان کی ڈاڑھیاں نوچی گئی ہیں۔ راتوں رات لوگوں کو گھروں پر چھاپہ مار کر اور مسجدوں میں پولیس نے گھس کر جوتوں سے نمازیوں کو مارا اور ان پر پتھر پھینکے۔

اس معاملہ کو ایوان میں خدارا زیر غور لائیں۔ یہ آگ خدانخواستہ کہیں پورے ملک میں نہ پھیل جائے۔ مسلمانوں میں سواد اعظم، اہل سنت کی طرف سے جو پروگرام عظمت صحابہ کانفرنس کا تھا۔ اس کو جبراً بلاوجہ روکنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس میں کوئی اشتعال انگیزی نہیں کی گئی تھی کسی فرقے کے خلاف وہ نہیں تھا۔ تو ساری کراچی میں بے چینی پھیلی ہوئی ہے۔ لہذا آپ سینیٹ میں اس معاملے کو زیر غور لائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی اس میں مولانا ....

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب والا! اس میں جو کہا گیا ہے یہ واقعی حقیقتاً بات ہے۔ اور اس طرح یہ جو المناک اور عبرتناک واقعہ ہوا ہے کراچی کا مایہ باعث ندامت بھی ہے اور بہت ہی المناک واقعہ ہے اور اس ایوان سے درخواست بھی ہوگی آپ کے توسط سے کہ وہ اس مسئلہ پر غور کرے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی قاضی عبداللطیف صاحب۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا! میں مولانا کی حمایت کرتا ہوں واقعہ یہ ہے کہ اگر اس وقت ہم تحریک التوا دیتے تو اس کا نمبر معلوم نہیں کہ دوسرے یا تیسرے

مہینے میں آتا اور یہ ایک نہایت اہم اور سنگین واقعہ ہے۔ میں توقع رکھتا ہوں کہ ایوان کو اس پر اظہار خیال کا موقع دیا جائے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب وسیم سجاد صاحب آپ اس پر . . . . .

جناب وسیم سجاد : جناب والا! مناسب یہ ہوگا کہ جناب وقت دے دیں تاکہ اس بارے میں تفصیل صوبائی حکومت سے منگوائی جائے اور پھر وہ تمام تفصیل اس ایوان کے سامنے پیش کر دی جائے گی تاکہ اس پر مناسب کارروائی جو بھی جناب مناسب سمجھیں وہ کی جا سکے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی جناب مولانا سمیع الحق صاحب۔ میرے خیال میں مناسب یہ ہے کہ آپ تحریک دے دیں۔

مولانا سمیع الحق : انہوں نے پکڑ دھکڑ شروع کر رکھی ہے۔ وہاں چھاپے مار رہے ہیں بڑے بڑے علماء مثلاً مفتی احمد الرحمٰن، مولانا اسفندیار، مولانا عبدالستار تونسوی، سب لوگوں کو ہراساں کیا گیا۔ کچھ گرفتار ہیں۔ کتنے دن تک یہ تحقیقات کریں گے۔ کتنے دن تک یہ آگ وہاں سلگتی رہے گی۔ پھر کہیں گے کراچی کے واقعات۔ وہ کتنا حساس علاقہ ہے وہاں کیسے نازک حالات ہیں۔ ان حالات میں سواد اعظم یعنی اکثریت کو اس طرح بھڑکانا اور بلاوجہ ان کو تکلیف میں ڈالنا ان کے علماء کی ڈاڑھیاں نوچنا آخر اس کی وجہ کیا ہے۔ آپ بتا سکتے ہیں کہ انہوں نے کیا جرم کیا تھا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : میرا خیال ہے اس میں بہتر یہی ہے کہ مولانا آپ اسے باقاعدہ طور پر ایوان میں تحریری طور پر دے دیں تاکہ گورنمنٹ بھی تمام حالات سے باخبر ہو جائے آئندہ اجلاس، کل یا پرسوں جو بھی ہوگا اس میں اس کو ترجیح دے دی جائے گی۔ یہ تو ہو سکتا ہے۔

مولانا سمیع الحق : جناب والا! اگر وزیر قانون صاحب یہ یقین دہانی کرا دیں . . . .

قاضی عبداللطیف : جناب والا! میں اتنی وضاحت چاہوں گا۔ اگر مہربانی کر کے وزیر صاحب یہ مطلع کر دیں کہ وہ کب تک یہ معلومات فراہم کر سکیں گے اس لئے کہ کراچی کے واقعات ویسے بھی آپ کو پتہ ہے کہ بڑے نازک ترین ہیں اور

[Qazi Abdul Latif]

اگر اس کے اندر یہ چیز بھی آ جائے گی تو میرا خیال ہے کہ اس میں بہت زیادہ سنگینی پیدا ہو جائے گی تو بہتر ہو گا کہ جلد از جلد اسے منگوایا جائے۔

جناب وسیم سجاد : جنابِ والا ! ہماری کوشش تو یہ ہو گی کہ اس ایوان کا اگلا اجلاس جو ۱۳ تاریخ کو ہو رہا ہے اس اجلاس میں ہی ہم مکمل تفصیلات فراہم کر دیں۔ اگر کوئی دقت ہوئی تو میں ۱۳ تاریخ کو ایوان میں بیان کر دوں گا کہ اس میں کیا دقت ہے اور اس میں کوشش کی جائے گی کہ تفصیلات جلد آ جائیں۔

PRIVILEGE MOTIONS

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ جی ! تحریک استحقاق۔ تحریک استحقاق نمبر ۲۲ ہے۔ مولانا سمیع الحق صاحب اور قاضی عبداللطیف صاحب کی۔ جی مولانا سمیع الحق صاحب !

RE: INCORRECT REPORTING IN T.V. 'KHABARNAMA' TELECAST.

مولانا سمیع الحق : میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ مورخہ ۲ر اکتوبر کو وزیراعظم کی ملاقات پر شریعت بل کے بارے میں حکومت کی جانب سے بذریعہ ٹیلیگرام اور دیگر ذرائع مذاکرات کی دعوت متحدہ شریعت محاذ کے رہنماؤں محرکین اور بعض معزز جج صاحبان اور رکن اسلامی نظریاتی کونسل کو دی گئی مگر اسی رات ٹیلیویژن اور ریڈیو پر خبرنامے میں جس انداز سے یہ خبر نشر کی گئی اس میں نہ صرف یہ تاثر دیا گیا کہ علماء نے ازخود جناب وزیر مذہبی امور سے ملاقات کی بلکہ یہ کہا گیا کہ ملاقات میں موجود علماء نے حکومت کی طرف سے کئے گئے اسلامی اقدامات کی تعریف کرتے ہوئے ان اسلامی اقدامات کو سراہا۔ نیز جس مقصد یعنی شریعت بل کے لئے یہ مذاکرات منعقد ہوئے تھے خبرنامے میں اس کا ذکر تک نہیں تھا۔ اس خبر سے عوام میں غلط تاثر پھیلنے کی وجہ سے میرا استحقاق مجروح ہوا ہے ازراہ کرم اسے زیر بحث لایا جائے۔

جناب والا ! اس خبر کو بالکل قطعاً حقائق کے منافی نشر کیا گیا ہے۔
صورت حال یہ تھی کہ جناب وزیر اعظم کے مشورے سے ہم نے یہ طے کیا کہ سینیٹ سے باہر ہم کسی اچھے نتیجے پر پہنچ جائیں اور افہام و تفہیم سے کوئی راستہ نکل آئے چنانچہ شریعت بنچ کے دو جج صاحبان اور نظریاتی کونسل کے ارکان اور قومی اسمبلی اور سینیٹ کے ارکان جناب وزیر وفاقی مذہبی امور کے ساتھ مذاکرات کے لئے ان کی دعوت پر آئے اور مسئلہ شریعت بل ہی کا تھا۔ وہاں کسی نے یہ نہیں کہا کہ ان بڑے بڑے جید علماء نے جن کے نام بھی خبرنامے میں دیئے گئے انہوں نے حکومت کے اسلامی اقدامات کی تعریف کی۔ گویا یہ چند درباری ملّا ہیں اور آنریبل جناب شیخ الاسلام حاجی سیف اللہ صاحب کی قدم بوسی کے لئے حاضر ہوئے تھے اور ان کو مبارک باد دی کہ آپ نے بالکل اسلام کا جھنڈا سربفلک کر دیا یہ صورت حال قطعاً نہیں تھی نہ شریعت بل کے بارے میں کوئی ذکر ہوا نہ مذاکرات کے بارے میں کہ یہ مذاکرات تھے اور دونوں طرف سے لوگ افہام و تفہیم کی کوشش میں سلسلے میں بلائے گئے تھے تو اس بارے میں عوام میں لازماً ایک خطرناک اور غلط تاثر پھیل گیا میں سمجھتا ہوں کہ ٹیلی ویژن کا بھی نقصان نہیں ہے کہ جناب حاجی سیف اللہ صاحب نے جو پریس ریلیز لکھا اور ان کو فراہم کیا، انہوں نے اس کو نشر کیا، اس طرح پورے ان ارکان کا جو اس اجلاس اور مذاکرات کی مجلس میں شریک تھے استحقاق مجروح ہوا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ ! جی قاضی عبداللطیف صاحب۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا ! تحریک تو پیش کر ہی دی گئی ہے میں اتنی گزارش کروں گا کہ ہماری یہ کوشش رہی ہے اور پارلیمنٹ کی تاریخ اس پر گواہ ہے کہ ہم نے ہمیشہ مفاہمانہ طریقہ اختیار کیا ہے شریعت بل دو اڑھائی سال سے اس ایوان کے اندر زیر بحث رہا ہے ہمارے محترم وزیر اعظم صاحب کو بھی اس پر تشویش تھی کہ اس مسئلے کو جس طریقے سے بھی ہو حل کیا جائے اور انہی کے مشورے سے یہ طے ہوا تھا کہ ایوان سے باہر بیٹھ کے ان معزز جج صاحبان اور

[Qazi Abdul Latif]

نظریاتی کونسل کے اراکین کو بلا کر اور ان لوگوں کے ساتھ بیٹھ کر کے کچھ افہام و تفہیم کی فضاء پیدا کریں لیکن جس طریقے سے اس کو نشر کیا گیا ہے اس کا مقصد تو یہ ہے کہ اندر سے کوئی ایسے لوگ ہیں کہ جو اس افہام و تفہیم کی بات کو دیدہ و دانستہ بگاڑنا چاہتے ہیں اور اسے غلط رنگ دینا چاہتے ہیں اور یقینی بات ہے کہ اس میں محرکین کا اور دوسرے علماء کے احساسات کا خیال نہیں کیا گیا۔ تو میرا خیال ہے کہ اس سے یقیناً استحقاق مجروح ہوا ہے اور اس کو ایوان کے سامنے لایا جائے اور اس پر بحث کی جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : قاضی عبدالمجید عابد صاحب۔

قاضی عبدالمجید عابد (وزیر اطلاعات و نشریات) : میں اپنے دونوں بزرگ سینیٹر صاحبان کو یقین دلاتا ہوں کہ ہمیں ان کی ذات کا بھی احترام ہے اور ان کے استحقاق کا بھی انتہائی حد تک پاس ہے، اور جس خبر کے متعلق کہا گیا ہے اچھا ہوتا کہ وہ خود اس کا کوئی version پیش کرتے تو پتہ چلتا کہ کس حد تک ان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، بہرحال میرے پاس اس خبر کی نقل ہے اور آپ کی اجازت میں چاہوں گا کہ اس کو پڑھ کر سناؤں پھر اس کے بعد میں آپ کی صوابدید پر چھوڑتا ہوں کہ کس حد تک ان کا استحقاق مجروح ہوا ہے اور آپ خود ہی فیصلہ کریں کہ اس استحقاق کی تجویز کو ایوان میں ایڈمٹ کرنا چاہیئے یا نہیں کرنا چاہیئے۔

جناب والا ! خبر اس طرح کی ہے کہ "علمائے کرام اور مذہبی سکالروں کے ایک وفد نے آج اسلام آباد میں مذہبی امور کے وفاقی وزیر حاجی محمد سیف اللہ خان سے ملاقات کی، وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت ملک کو اسلامی فلاحی مملکت بنانے کے لئے ہر ممکن اقدام کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ یہ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے کہ ہم متحد ہو کر ایسا لائحہ عمل مرتب کریں کہ جو تمام لوگوں کے لئے قابل قبول ہو اور جس سے موثر طریقے سے اسلامی نظام کا نفاذ ممکن ہو سکے، مذہبی امور کے لئے وزیر اعظم کے مشیر پیر محمد اشرف اور دوسرے علماء نے ملک میں اسلامی شریعت

کے نفاذ کے سلسلے میں اپنے نقطۂ نظر کی وضاحت کی انہوں نے ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ کے سلسلے میں کی جانے والی کوششوں کی تعریف کی اور اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیئے کہ وہ اس سلسلے میں مزید اقدامات کرے، جن علمائے کرام نے ملاقات میں شرکت کی، ان میں قومی اسمبلی کے رکن مولانا عبدالحق، سینیٹر قاضی* عبداللطیف، مولانا معین الدین لکھوی، مفتی محمد حسین نعیمی اور مولانا اسرارالحق شامل تھے۔" بس اس حد تک خبر دی گئی ہے کہ یہ علمائے کرام شامل تھے.....

جناب ڈپٹی چیئرمین : نماز کا وقت ہو گیا ہے ایوان دوبارہ سوا چھ بجے میٹ کرے گا۔

(The House adjourned for Maghrab prayers.)

[The House re-assembled after interval with Mr. Deputy Chairman (Malik Muhammad Ali Khan) in the Chair.]

جناب ڈپٹی چیئرمین : قاضی عبدالمجید صاحب۔

قاضی عبدالمجید عابد : جناب چیئرمین! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ معزز سینیٹر صاحبان جو وضاحت چاہتے تھے وہ وضاحت آج کے ان کے استحقاق کی تحریک پیش کرنے سے ہی ہو گئی، نیت ان کے استحقاق کو مجروح کرنے کی قطعاً نہیں تھی، اور جہاں تک ٹی وی کا سوال ہے انہوں نے وہی سٹیٹمنٹ نکالی ہے جو میں نے پڑھ کر سنا دی ہے، اس میں بھی میں سمجھتا ہوں کہ مولانا سمیع الحق کا تو ذکر ہی نہیں ہے، لیکن قاضی عبداللطیف صاحب کا ذکر ہے لیکن وہ بھی یہی ہے کہ وہ موجود تھے، یہ نہیں کہ وہ کس کے ایما پر آئے یا کیسے آئے وہ خود آئے یا دعوت دے کر بلائے گئے تھے اور پھر میں سمجھتا ہوں کہ بڑی اہم چیز ہے، اس حد تک اس معاملے کو نہیں کھینچنا چاہیئے

میری گزارش ان کی خدمت میں یہی ہے کہ وضاحت آج ہو گئی کہ وہ دعوت دے کر بلائے گئے تھے وہ خود نہیں گئے تھے، دوسرا یہ ہے کہ وہاں بھی نیک نیتی سے ان کی ملاقات ہوئی تھی اس میں اس شریعت بل پر سمجھوتہ یا اور کسی اسلامی نظام کو رائج کرنے کا مسئلہ پیش آیا تو یہ ایسی بات تو نہیں کہ اس میں اتنا رنج ہونا چاہیئے اور میں گزارش یہی کروں گا کہ وہ اس کو پریس نہ کریں۔

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین صاحب ! ہمارے آنریبل منسٹر صاحب میرے لئے کئی وجوہ کے لحاظ سے نہایت واجب الاحترام بزرگ ہیں، میں اتنی گزارش کروں گا کہ انہوں نے جو خبر کا متن پڑھ کر سنایا ہے اس سے میری تینوں باتوں کی تصدیق ہو گئی ہے، میں نے یہ گزارش کی تھی کہ یہ مذاکرات تھے کوئی ملاقات نہیں تھی کہ وزیر صاحب کی خدمت میں علماء آئے تھے اور یہ شریعت بل کے بارے میں تھے اور اس میں حکومت کے کسی اسلامی اقدام جو بزعم خود ان کا خیال ہے، کوئی ہے ہی نہیں تو ہم تعریف کیا کرتے، تو یہ تینوں باتیں، انہوں نے خبر پڑھ کر سنائی، اس میں ثابت ہو گیا کہ اس کے الفاظ قاضی صاحب نے سنا دیئے کہ انہوں نے اس حکومت کے اسلامی اقدامات کی تعریف کی اور ملاقات کی، اگر قاضی صاحب مجھے بتلا دیں کہ اس میں مذاکرات کا ذکر ہے یا شریعت بل کا ذکر ہے تو میں یہ کہہ سکوں گا کہ حقائق کو مسخ نہیں کیا گیا، ایک تیسری بات اب مجھے قاضی صاحب کے بیان سے واضح ہوئی جس سے یقیناً میرا استحقاق مجروح کیا گیا ہے وہ یہ کہ قاضی صاحب نے فرمایا کہ اس میں مولانا سمیع الحق کا تو ذکر ہی نہیں ہے، میں نے اس نکتے پر تو غور ہی نہیں کیا تھا کہ مجھے

نو بیچ ہی سے حذف کر دیا گیا ہے، اب خود سوچ رہے ہیں کہ میرا نام کیوں نہیں آیا، میں تو آخر تک میٹنگ میں تھا اور اور حاجی سیف اللہ صاحب کو میری اس دن کی بات چیت انشاءاللہ تعالیٰ قیامت تک یاد رہے گی اب قاضی صاحب سے انکشاف ہوا کہ خبر میں میرا نام ہی گول کر دیا گیا۔ کیا اب بھی استحقاق مجروح نہیں ہوا؟

جناب ڈپٹی چیئرمین : انہوں نے فرمایا کہ خلوص دونوں طرف سے ہے۔

مولانا سمیع الحق : لیکن اب یہ بات معلوم ہوئی کہ میرا نام ہی اس میں نہیں آیا ہے۔

جناب قاضی عبدالمجید عابد : اگر ان کی یہی منشاء ہو تو آج پھر ان کے نام کا بھی ذکر کر دیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : کیا آپ اس کو پریس کرتے ہیں۔

مولانا سمیع الحق : بالکل پریس کرتا ہوں۔

مولانا قاضی عبداللطیف : جناب والا! گزارش یہ ہے کہ ہمارے قابل احترام قاضی صاحب نے تحریک کی مخالفت نہیں کی، انہوں نے وضاحت تو ضرور فرمائی ہے جس کے لئے ہم یقیناً ان کے مشکور ہیں اور وہی الزامات جو کہ ہم لگا رہے تھے وہی ثابت ہو گئے، میں نے پہلے بھی یہ گزارش کی تھی کہ جس جذبے سے ہم گئے تھے اور جس جذبے سے جناب وزیر اعظم صاحب نے ہمیں بلایا تھا اور جس جذبے کے ساتھ وہ مذاکرات شروع کرائے گئے تھے اس خبر سے یوں پتہ چلتا ہے کہ اس سب کو سبوتاژ کیا گیا ہے اور یہی ہمیں شکوہ ہے کہ کوئی اندرونی طور پر ایسے ہاتھ ہیں کہ جو ہمارے مفاہمانہ رویّہ کو ہمیشہ ناکام بنانے کی کوشش کرتے ہیں، اس لئے میرا خیال ہے کہ اگر آپ مہربانی فرمائیں اور اس کو ہاؤس کی بحث کے لئے یا استحقاق کمیٹی کے حوالے کر دیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ آپ کی بڑی ہی عنایت ہو گی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ قاضی صاحب! ارکان سینیٹ جناب مولانا سمیع الحق اور قاضی عبداللطیف، محرکین تحریک نے یہ موقف اختیار کیا ہے کہ ۴ اکتوبر کو وزیراعظم کی مداخلت کے بموجب ایک میٹنگ وزیر مذہبی امور نے طلب کی اور انہیں اور دیگر اراکین کو بذریعہ تار اس میں شرکت کی دعوت دی تاہم ۴ اکتوبر کو شام نو بجے ٹیلی ویژن کے خبرنامے میں یہ تاثر دیا گیا ہے کہ علماء نے اپنی مرضی سے اس میٹنگ میں شرکت کی اور انہوں نے حکومت کے ان اقدامات کی تعریف کی جو کہ اسلامی نظام کی طرف اٹھائے گئے ہیں۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ خبرنامے میں یہ ذکر نہیں کیا گیا کہ میٹنگ شریعت بل پر غور کرنے کے لیے طلب کی گئی تھی۔ خبرنامے سے اس طرح لوگوں کے ذہنوں میں یہ غلط تاثر پیدا کرنے کی کوشش کی گئی کہ انہوں نے حکومت کی حمایت کی تھی اس لئے محرکین کے پارلیمانی استحقاق کی غلط رپورٹنگ کی وجہ سے خلاف ورزی ہوئی ہے، اخباری اُمُور کا متن جو کہ خبرنامے میں تھا۔ پاکستان ٹیلی ویژن سے حاصل کر لیا گیا ہے، متن محرکین کے موقف کی حمایت میں نظر آتا ہے۔ متن میں یہ چیز نمایاں طور پر نہیں کہ وزیر مذہبی امور نے میٹنگ سینیٹ میں زیر التواء شریعت بل اور بحث کے لیئے طلب کی تھی تاکہ حکومت اور متحدہ شریعت محاذ علماء کے گروپ اور محرکین کے درمیان نقطۂ نظر اور ذہنی اختلافات کا تصفیہ کر لیا جائے، محرکین نے اس بات سے انکار کیا کہ انہوں نے حکومت کی طرف سے اس ملک میں اسلامیانے کے عمل کی تعریف کی ہے۔ اگرچہ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ محرکین کا موقف واقعاتی طور پر درست ہے تاہم پاکستان ٹیلی ویژن پر جو خبریں ٹیلی کاسٹ کی گئی ہیں انہیں آپ زیادہ سے زیادہ غلط رپورٹنگ کہہ سکتے ہیں۔ جس سے کسی پارلیمانی استحقاق کی خلاف ورزی نہیں ہوتی۔ جس کے لئے کوئی کارروائی کرنا پڑے، محرکین پریس کے ذریعے اس کی تردید کر سکتے تھے تاکہ کوئی غلط تاثر جو کہ ان کے خیال کے مطابق لوگوں کے ذہنوں میں غلط رپورٹنگ کی وجہ سے پیدا ہوا زائل کیا جا سکتا، تحریک ایسے کسی استحقاق کے مجروح ہونے کا سوال ہی نہیں اٹھاتی جس میں سینیٹ کی مداخلت کی ضرورت ہو، اس کے علاوہ خبرنامہ ۴ اکتوبر کو ٹیلی کاسٹ کیا گیا تھا اور محرکین کو چاہیئے تھا کہ وہ اس کے اگلے روز ۵ اکتوبر کو تحریک کا نوٹس دیتے لیکن نوٹس ۶ اکتوبر کو ساڑھے بارہ بجے دیا گیا تھا لیکن محرکین نے استحقاق کی خلاف ورزی کے سوال کو اولین موقع پر نہیں اٹھایا جس کی وجہ سے یہ تحریک زیر قاعدہ ۵۹ دوم اور سوم یقینی

طور پر قابل منظور نہیں ہے شکریہ!

قاضی عبداللطیف: جناب والا! میں آپ کا مشکور ہوں اور آپ کی رولنگ کو چیلنج نہیں کر رہا لیکن میں گزارش کر رہا ہوں کہ وزیر صاحب تے تو اس کی مخالفت کی نہیں ہے اور آپ نے اس کو بلا وجہ مسترد کر دیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: وزیر صاحب نے بتایا ہے کہ آپ کی جو میٹنگ ہوئی تھی اس میں ان کی کوشش یہی تھی کہ تمام قوم کے لئے ایک لائحہ عمل اختیار کیا جائے۔ جو کچھ انہوں نے کہا ہے میں نے اس کی روشنی میں یہ عرض کیا ہے۔ قاضی صاحب۔

قاضی حسین احمد: جناب چیئرمین! آپ نے پریس کے ذریعے سے تردید کرنے کے لئے کہا ہے تو آپ عبدالمجید عابد صاحب کو ہدایت کریں کہ وہ ٹیلی ویژن کو یہ کہیں کہ وہ ٹیلی ویژن پر اس کی تردید کر دیں جب یہ غلط رپورٹنگ ہے اور یہ ثابت ہے کہ غلط رپورٹنگ ہے تو پریس کی تردید سے اس کا مداوا نہیں ہو سکے گا

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کے لئے میں نے فیصلہ دے دیا ہے اب یہ ایڈجرنمنٹ موشنز ہیں۔ ایڈجرنمنٹ موشنز نمبر ۴۳، ۴۵، ۴۷۔

جناب محمد طارق چوہدری: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی۔ اسی کے بارے میں ہے؟

جناب محمد طارق چوہدری: نہیں جی، یہ تو قصہ ختم ہو گیا۔ جناب عالی! گزارش یہ ہے کہ چیئر اور چیئرمین اس ایوان کے وقار اور معیار کے محافظ ہوتے ہیں لیکن میں بڑے افسوس کے ساتھ کہتا ہوں کہ یہاں پر ہونے والے بعض فیصلے کلرکوں اور سیکشن آفیسروں کی مرضی اور قبل ازوقت اپنی ذاتی خواہشات کے مطابق کئے جاتے ہیں۔ ذاتی ضرورتوں کو تابع رکھ کر کئے جانے والے فیصلے کے بعد ہمیں یہ کہا جاتا ہے۔۔۔۔میں اس کی ایک مثال دیتا ہوں کہ گذشتہ دنوں میں نے جمعرات کو ایک تحریک استحقاق پیش کی تھی اس میں ہماری پارلیمنٹ کے ایک معزز ممبر نے یہ کہا ہے کہ آٹھویں ترمیم پر ہم سے فیصلہ بندوق کی نالی پر کروایا گیا اور ممبران پارلیمنٹ کو اختیار کی بجائے مراعات دی گئیں ہیں اور اس طرح ممبران پارلیمنٹ کو بدعنوان بنا کر رکھ دیا گیا ہے اگر یہ تحریک ہاؤس میں پیش کر دی جاتی تو یقیناً یہ منظور ہوتی

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhry]

لیکن اس طرح کی تحریکوں کو بھی چیمبر میں kill کرنے کا رواج ڈال دیا گیا ہے اور پھر یہ کہا جاتا ہے جناب آپ قاتل سے منصفی چاہیں اور آدم خور کے بھٹ میں زندگی تلاش کرنے جائیں۔ میں اس رویے کے خلاف احتجاج کرتا ہوں اور اس پر علامتی واک آؤٹ کرتا ہوں۔ کیونکہ چیئر کی آمریت جمہوری اداروں کے اندر قائم کی گئی ہے میں اس پر صرف علامتی واک آؤٹ کرتا ہوں۔

(اس مرحلے پر جناب محمد طارق چوہدری واک آؤٹ کر گئے)

جناب ڈپٹی چیئرمین: چوہدری صاحب یہ پوائنٹ آف آرڈر تو بنتا نہیں ہے اگر آپ واک آؤٹ کرنا چاہتے ہیں تو آپ کی مرضی ہے۔ میرا خیال ہے آپ چیمبر میں آ جائیں تو پتہ چل جائے گا کہ انہوں نے کس بنا پر کی ہے میرا خیال ہے اس کو kill کرنے کا ان کا موقف یہی تھا کہ پارلیمنٹ کے اندر پارلیمنٹ کے ایک ممبر نے جو یہ سٹیٹ منٹ دی تو یہ ایک روایت بن جائے گی سینیٹ کے ممبران کے بارے میں اور پارلیمنٹ کے ممبران کے بارے میں جو بھی وہ کہیں تو اس کے اندر پریولج موشن موو کر دی جائے میرا خیال ہے انہوں نے یہی موقف اختیار کیا ہوگا۔ جناب سید افضل آغا صاحب۔

انجینئر سید محمد فضل آغا: سٹیٹ منٹ میں پارلیمنٹ کا ذکر کیا گیا ہے سینیٹ اور نیشنل اسمبلی کو ملا کر پارلیمنٹ بنتی ہے تو وہ جو آرگومنٹس اس کو kill کرنے کے لئے دیئے ہیں میں نہیں سمجھتا۔ میرے ذہن سے تو باہر کی بات ہے اگر نیشنل اسمبلی کی بات ہوتی تب تو بات سمجھ میں آتی نیشنل اسمبلی والے خود اپنی بات سے نمٹ لیں لیکن چونکہ پارلیمنٹ کی بات ہے This Senate forms a part of the Parliament. اس لئے ہم نے یہ تحریک موو کی تھی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں فائل دیکھ کر ہی بتا سکتا ہوں کہ چیئرمین صاحب نے اس کو کن وجوہات کی بنا پر kill کیا ہے میری ذاتی رائے یہ ہے کہ نیشنل اسمبلی کے ممبر کا جو بیان تھا یا جو انہوں نے موقف اختیار کیا ہے انہوں نے اسی چیز کو مدنظر رکھتے ہوئے رولز کے قاعدہ ۵۷ کے تحت یہ کارروائی کی ہے۔ بہر حال آپ کل چیمبر میں تشریف لانا مناسب سمجھیں تو تشریف لے آئیں۔

PRIVILEGE MOTION RE: INCORRECT REPORTING IN T.V. KHABARNAMA TELECAST AT 9.00 P.M. ON 4-10-1987

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر، جناب چیئرمین! میں نقطہ وضاحت پر کھڑا ہوں اور آپ سے میری یہ گذارش ہو گی میں نے سنا یوں ہے کہ میرے استعفیٰ کی عبارت اسمبلی کے ریکارڈ سے حذف کر دی گئی ہے کیا یہ حقیقت ہے اگر یہ حقیقت ہے کہ اس کو حذف کر دیا گیا ہے تو میں گزارش کروں گا کہ وہ کس قاعدے کے لحاظ سے حذف کر دی گئی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: قاضی صاحب کل آپ تشریف لے آئیں آپ کو ریکارڈ سنا بھی دیں گے اور چیک بھی کر لیں گے پھر اس کے بعد میں یہ بتا سکوں گا۔

قاضی عبداللطیف: کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ اس کو کارروائی سے حذف کیا گیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مجھے اس کا علم نہیں ہے کل آپ تشریف لے آئیں۔ آپ کو چیک کرا دیں گے۔

مولانا سمیع الحق: جناب چیئرمین! اس کی صورت حال یہ تھی کہ جس وقت آپ نے کمیٹی کو ریفر کر دیا اور ایوان نے اکثریت سے تجویز منظور کر لی اس کے بعد ہم نے اپنے جذبات ظاہر کئے، اپنے دلائل سنائے اور ہم نے اعلان کیا ہے کہ ہم کمیٹیوں سے مستعفی ہو رہے ہیں حضرت قاضی صاحب نے ایک لمبی چوڑی تحریر پڑھ کر سنائی تھی اپنے دلائل کے ساتھ تو آپ نے ایک جملہ کہا کہ اس ساری بات چیت کا کارروائی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مجھے وہ یاد ہے اور میرے رول آؤٹ کرنے کے بعد قاضی صاحب نے پڑھی تھی۔ کل کی کارروائی سے چیک کر لیتے ہیں۔

جناب شاد محمد خان: جناب والا! یہ ایک پوائنٹ ہے اس میں غلط فہمی اس وجہ سے پیدا ہوئی ہے ہم یہ سمجھ رہے تھے کہ قاضی صاحب سینیٹ سے مستعفی ہو رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں قاضی صاحب سینیٹ سے مستعفی نہیں ہو رہے۔

مولانا سمیع الحق : پوائنٹ آف آرڈر ایک گزارش بہت ضروری ہے آپ نے اب بھی فرمایا تھا کہ کسی تحریک استحقاق کو ذرا تاخیر سے داخل کرنے سے بھی اُسے مسترد کر دیا جاتا ہے تو آج ہم دونوں کی (قاضی صاحب اور میری) ایک نہایت ہی اہم ترین تحریک استحقاق ہے روزانہ اس کو کوئی کئی دن کے لیے ٹال دیتے ہیں ہم نے بارہ بجے وہ تحریک استحقاق داخل کی ہے اس کو رولز کے مطابق سامنے لائیں میری اور قاضی صاحب کی تحریک استحقاق سامنے لائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ میری گزارش سنیں۔ میں نے لاء منسٹر صاحب سے ریکوئسٹ کی تھی اور میں نے آپ سے بھی یہ کہا ہے حکومت واقعات سے باخبر ہو جائے تو وہ سامنے آجائے گی اگر رولز کی بات ....

مولانا سمیع الحق : اس کے بارے میں نہیں ہے میں نے اس میں کراچی کا مسئلہ اٹھایا تھا ایک اور تحریک استحقاق ہے جو شریعت بل کے متعلق ہے وہ میں نے آج داخل کی ہے۔.........

جناب ڈپٹی چیئرمین : تحریک استحقاق ایک دن میں ایک ہی آسکتی ہے۔

مولانا سمیع الحق : میری تحریک استحقاق تو نہیں آئی ہے وہ تو پچھلے دن کی آپ نے ملتوی کر دی تھی آنریبل منسٹر صاحب نہیں تھے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : چلو میں فائل منگوا کر دیکھ لیتا ہوں۔

مولانا سمیع الحق :۔ ہاں حضرت دیکھ لیں۔ اس پر ہم سب کا یعنی ایوان کا دارومدار ہے۔

قاضی حسین احمد :۔ ایڈجرنمنٹ موشنز شروع نہ کریں جب تک کہ اس تحریک استحقاق پر پہلے بات یہاں نہ ہو جائے۔ شریعت بل کی ساری قوم منتظر ہے اور اس پر بحث کرنے کے لئے یہ پرائیویٹ ممبرز ڈے ہے۔

مولانا سمیع الحق : حضرت آج ہم نے جمع کرائی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : قاضی صاحب آپ اس دن تشریف نہیں رکھتے تھے اس

ون ہاؤس نے اس کے بارے میں unanimously consent دے دی تھی۔

قاضی حسین احمد: میں اس دن کی ساری کارروائی سے باخبر ہوں جناب چیئرمین! بالکل خلاف قاعدہ اور خلاف ضابطہ اس شریعت بل کو ایک کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا ہے جس پر نہ محرکین متفق تھے نہ ممبر انچارج یہ صحیح نہیں ہے اور میرا خیال ہے اس کو زیر بحث لایا جائے۔

مولانا سمیع الحق: جناب چیئرمین صاحب! آپ ذرا وہ تحریک استحقاق منگوا لیجئے پھر اس کے بعد یہ بات چلے گی۔ وہ تو سینیٹ میں کئی گھنٹے پہلے داخل کی گئی ہے اور جب وزیر قانون صاحب کی مرضی نہ ہو تو وہ کہہ دیتے ہیں کہ آج اس کو موخر کر دیں ایسا تو کوئی رول ہی نہیں ہے تحریک استحقاق کو مؤخر نہیں کیا جا سکتا۔

مولانا کوثر نیازی: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مولانا صاحب مجھے ذرا اجازت دے دیں قاضی صاحب نے جو پوائنٹ اٹھائے ہیں ......

مولانا کوثر نیازی: میرا پوائنٹ آف آرڈر اسی سے متعلق ہے بہت سمپل سا ہے میں آپ کی وساطت سے مولانا سمیع الحق سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں۔ انہوں نے تحریک استحقاق بارہ بجے کیوں دی؟

مولانا سمیع الحق: اس کے بغیر یہ لوگ بات نہیں سمجھتے اگر سوا بارہ ہوتی یا ساڑھے بارہ ہوتی تو پھر ان کی سمجھ میں نہ آتی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مولانا نے اور بڑی اچھی بات کر دی۔ قاضی صاحب اس کے بارے میں یہ تھا کہ رول ۱۷۳ کے تحت یہ فیصلہ کیا گیا تھا جو بالکل قواعد کے مطابق تھا۔ قواعد ۸۰ اور ۸۱ کے تمام مراحل گزر چکے تھے جو محرکین کا موقف تھا اس کا فیصلہ ہو چکا تھا لہٰذا آپ اس کو .....

قاضی حسین احمد: مولانا سمیع الحق اور قاضی لطیف صاحب نے جو تحریک پیش کی ہے آپ کس رول کے تحت تحریک استحقاق کو ایجنڈے سے خارج کرتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں فائل منگواتا ہوں اسے دیکھتے ہیں کہ کیا بات ہے اگر چیئرمین صاحب نے کیا ہے تو میرے سامنے وہ نہیں ہے ۔ ایڈجرنمنٹ موشن لے لیتے ہیں ۔

قاضی حسین احمد : جناب چیئرمین صاحب! یہاں کا معمول ہو چکا ہے کہ تحریکِ استحقاق کو بھی روک لیا جاتا ہے حالانکہ قواعد کے مطابق تحریکِ استحقاق کو قطعاً نہیں روک سکتے وہ اجلاس شروع ہونے کے موقع پر بھی دی جا سکتی ہے۔ اگر دو گھنٹے پہلے دے دی جائے ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : دو گھنٹے کا پروویژن تو بڑا واضح ہے۔

قاضی حسین احمد : یہاں کا یہ معمول بن چکا ہے وہ خلافِ قاعدہ ہے اور اس پریکٹس کو ختم ہونا چاہیئے۔

مولانا سمیع الحق : اس وقت سیکریٹریٹ کے منتظمین بھاگ دوڑ کرتے ہیں اور تلاش کرتے ہیں کسی کو آگے کرتے ہیں کسی کو پیچھے کرتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : مولانا سمیع الحق اگر اس بات پر ہی آپ آتے ہیں جس تحریکِ استحقاق کا آپ ذکر کر رہے ہیں آپ کی ۲۲ نمبر تحریک ہاؤس میں زیرِ بحث آ چکی ہے ۲۵ نمبر بھی آپ ہی کے نام پر ہے تو آپ کی پریولج موشن ایک ہی آ سکتی ہے۔

مولانا سمیع الحق : حضرت میری پریولج موشن آج نہیں آئی تھی یہ پرسوں جناب منسٹر صاحب موجود نہیں تھے یہ جمعرات کے دن کی تھی ہم نے اس دن پیش کر دی تھی آج تو ہم نے پیش نہیں کی ہے اور وزیر صاحب نے آج جواب دینا تھا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب قاضی عبداللطیف صاحب آج آپ تحریکِ استحقاق پیش کر دیں۔

قاضی عبداللطیف : آپ نے فرمایا تھا کہ آج میں اپنی تحریکِ استحقاق پیش کر دوں اور کیونکہ محترم وزیر صاحب نہیں ہیں اس لئے اس کو آپ ملتوی کر دیں گے

جناب ڈپٹی چیئرمین : بالکل صحیح ہے۔

قاضی عبداللطیف : تو پیش تو اسی دن ہو گئی تھی، میں نے اسے پڑھ کر سنایا تھا جب میں نے پڑھ کر سنا دیا تھا تو پھر یہ اسی دن کا ملتوی شدہ ہے۔ اس طرح آج ہماری دوسری تحریک استحقاق آسکتی ہے آپ جناب قاعدے کے لحاظ سے ذرا اسے دیکھیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : قاعدے کے لحاظ سے آپ کی اور مولانا سمیع الحق کی ۲۲ ستمبر کی جو پرولیج موشن ہے اس پر ڈسکشن ہو چکی ہے۔

مولانا سمیع الحق : ہم نے آج پیش ہی نہیں کی ہے، ہم نے تو ۱۷ تاریخ کو پیش کی تھی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : اب ہم ایڈجرنمنٹ موشنز کو لیتے ہیں۔

مولانا سمیع الحق : حضور، آپ اس کو لے لیں۔ وہ تو شریعت بل پر، پرائیویٹ ممبرز ڈے کے متعلق ہے.......

جناب ڈپٹی چیئرمین : نمبر "۴۳" قاضی عبداللطیف صاحب کی تحریک ہے نمبر ۴۵، جناب محمد طارق چوہدری صاحب کی ہے نمبر ۴۷ قاضی حسین احمد صاحب کی ہے۔

قاضی حسین احمد : ہم تو جناب شریعت بل پر بات کرنے کے لئے آئے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : اس کا تو جناب پہلے فیصلہ ہو چکا ہوا ہے، آپ نے اس دن بھی واک آؤٹ کیا تھا۔ آپ خود دیکھ لیں جو مناسب سمجھتے ہیں۔

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین صاحب! تحریک استحقاق میرے پاس ہے، میں اسے پڑھ کر سنا دوں گا۔

قاضی عبداللطیف : پوائنٹ آف آرڈر، تو کیا کل کے لئے یہ یقینی دہانی ہے کہ یہ تحریکِ استحقاق آجائے گی۔

مولانا سمیع الحق : کل تو اجلاس نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی کل تو اجلاس نہیں ہے۔ مگر جو بھی پوزیشن ہو گی وہ رولز کے مطابق ہی ہو گی۔

قاضی عبداللطیف پوزیشن کا مقصد یہ ہے کہ اس طرح تو آج یہ آنی چاہیئے

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ پہلی کو withdraw کرلیں، میں اسے ٹیک اپ کرلیتا ہوں۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

قاضی عبداللطیف : اگر یہ وعدہ ہے کہ آنے والے اجلاس میں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : رولز کے خلاف میں کوئی وعدہ آپ سے نہیں کروں گا۔

قاضی عبداللطیف : نہیں جناب، ہم رولز کے خلاف تو آپ سے نہیں کہہ رہے ہیں۔

مولانا سمیع الحق : اگر آپ کی نظر سے یہ تحریک گزر گئی ہے تو آپ کیا اسے چیمبر میں کریں گے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین : نہیں، میری نظر سے نہیں گزری ہے۔

مولانا سمیع الحق : اگر آپ نہیں کریں گے تو بڑے صاحب کرلیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : خیر، چلئے قاضی صاحب، ایڈجرنمنٹ موشنز کو لیتے ہیں۔ اگر رولز کے مطابق ہے تو ضرور آئے گی۔

قاضی عبداللطیف : ہم بھی چاہتے ہیں کہ رولز کے مطابق ہمارے ساتھ کارروائی کی جائے اور اگر رولز کے مطابق کارروائی نہیں کی جاتی، تو اس کا مقصد یہ ہے کہ ہم یہاں نہ بیٹھیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی تشریف رکھئے، ایڈجرنمنٹ موشن، قاضی عبداللطیف صاحب، ۴۳، محمد طارق چوہدری صاحب ۴۵، اور قاضی حسین احمد صاحب ۴۷۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا! مجھے اس کی سمجھ نہیں آرہی کہ اگر ہمیں رولز کے مطابق بھی یقین دہانی نہیں کرائی جاتی تو پھر یہاں ہمارے بیٹھنے کا کیا فائدہ ہوگا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں نے تو یہ عرض کیا ہے کہ رولز کے مطابق کارروائی ہوگی۔

قاضی عبداللطیف : ہم یہی چاہتے ہیں کہ رولز کے مطابق اگر آپ ہمیں یہ یقین دہانی کرادیں کہ پرسوں آپ اسے پیش کریں گے تو پھر بھی کوئی بات ہے اور اگر یہ یقین دہانی

بھی نہیں کرائی جاسکتی تو پھر ہمارے یہاں بیٹھنے کا فائدہ کیا ہے ۔ ہم رولز کے مطابق یقین دہانی مانگتے ہیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں نے تو کہا ہے کہ رولز کے مطابق اور اس کی ایڈمیسیبلٹی ایگزامن کرنے کے بعد اسے دیکھیں گے ۔ ویسے آپ مالک ہیں ۔

(اس مرحلے پر قاضی عبداللطیف صاحب ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

قاضی حسین احمد : جناب والا ! اس ایوان کو قواعد کے خلاف چلایا جا رہا ہے اس لئے ہم احتجاجاً واک آؤٹ کرتے ہیں ۔

(اس مرحلے پر قاضی حسین احمد ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ جی ! چوہدری طارق صاحب آپ اپنی تحریک التوا پیش کریں ۔ اس کا نمبر ۴۵ ہے ۔

جناب محمد طارق چوہدری : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ....

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑا ہوں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب عبدالرحیم میرداد خیل صاحب ، پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑے ہیں ۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب والا ! پہلے اعوذ باللہ ، پڑھی جاتی ہے پھر "بسم اللہ" پڑھی جاتی ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ نے میرے خیال میں جو " بسم اللہ " پڑھنی ہے وہ اسی عمل کو دہرانا ہے قاعدہ ۱۷۳ کی خلاف ورزی کرنی ہے ۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : گذارش یہ ہے کہ یہ ایک اہم ایشو ہے اور اس دن شریعت بل کی بات ہو رہی ہے آپ کیوں لیت و لعل سے کام لے رہے ہیں حکومت بھی تحریک استحقاق سے چشم پوشی اختیار کر رہی ہے ۔

مثلاً تو خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتا ہے کہ (عصٰی) دوسرا لفظ بھی آگے آتا ہے ۔ عذاب عظیم ۔

تو لہذا اس سلسلے میں ہم واک آؤٹ کرتے ہیں۔

(اس مرحلے پر جناب عبدالرحیم میرداد خیل ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کا فیصلہ تو اس دن ہو چکا تھا، اس ہاؤس نے رولز کے تحت کیا تھا۔

جناب محمد طارق چوہدری: پوائنٹ آف آرڈر، جناب ابھی میں نے "آعوذ" بھی نہیں پڑھا اور " یہ " جا رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مولانا سمیع الحق صاحب، آپ نے طارق چوہدری کی بات سنی ہے۔ جی چوہدری صاحب، آپ فرمائیں۔

ADJOURNMENT MOTIONS

جناب محمد طارق چوہدری: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ـــــ۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: "آعوذ" پڑھ لیں ان کی موجودگی میں تو ذرا اچھا ہے۔

(i) *RE*: BREAKING OPEN AND ESCAPING OF MANY PRISONERS FROM PARACHINAR JAIL.

جناب محمد طارق چوہدری: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ پارا چنار جیل سے سات خطرناک تخریب کاروں کے فرار کی کامیاب کوشش کو پورے ملک میں انتظامیہ کی نااہلی کو تشویش اور پریشانی کی نظر سے دیکھا جا رہا ہے۔ لہذا اس اہم ترین مسئلہ کو زیر بحث لایا جائے تاکہ سنگین غفلت کی اس کارروائی پر بحث کی جا سکے۔

پاکستان بھر میں تخریب کاروں اور ڈاکوؤں کا اجتماعی فرار بین الاقوامی دہشت گردی کی اس منظم سازش اور کوشش کا ایک حصہ ہے جس میں اندرونِ ملک صرف تخریب کاروں کے اپنے ساتھی باہر سے آئے ہوئے ایجنٹ ہی نہیں بلکہ انتظامیہ کے اعلیٰ ترین اہلِ کار بھی اس میں شامل ہیں ورنہ اس تسلسل کے ساتھ تخریب کار نہ ملک میں داخل ہو سکتے ہیں اور نہ

تخریب کاری کر سکتے ہیں اور نہ تخریب کاری کرنے کے بعد آسانی کے ساتھ ۴۵ لاکھ کبھی ۶۰ لاکھ اور کبھی کوئی اور amount دے کے فرار حاصل کرنے میں کامیاب ہو سکتے ہیں لہٰذا اس کا سب سے تشویش ناک پہلو جو ہے وہ یہی ہے کہ انتظامیہ کے اعلیٰ ترین اہلکار اس تخریب کاری کے عمل میں خود شامل ہیں لہٰذا میں وزیرِ موصوف یا جو بھی اس کا جواب دے رہے ہیں، ان سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ اس تحریک کو منظور کریں اور اس کے لئے دن مخصوص کریں تاکہ ان کے اپنے ہی ساتھیوں کی بہتر طور پر نشاندہی کے لئے ہمیں کوئی موقع مل سکے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب سید قاسم شاہ صاحب۔

سید قاسم شاہ : جناب والا! اصل جو واقعہ ہے، اس میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ پاراچنار کی جیل سے آٹھ قیدی فرار ہوئے ہیں۔ کیونکہ ٹرائیبل ایریاز میں جیلوں کے ایسے انتظامات نہیں ہوتے جیسے کہ سیٹلڈ ایریاز میں جیلوں کے انتظامات کئے جاتے ہیں۔ یہ جو آٹھ قیدی فرار ہوئے ہیں ان میں پانچ کسی قتل کی واردات میں ملوث تھے اور تین کو منشیات کے کاروبار میں قید کیا گیا تھا۔ چونکہ وہ جیل کے اندر تھے، انہیں پتہ تھا کہ ہم پر مقدمہ بھی چلے گا۔۔۔۔

ملک فرید اللہ خان : پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی ملک صاحب۔

ملک فرید اللہ خان : جناب پاراچنار میں کوئی جیل موجود نہیں ہے وزیر صاحب کی اطلاع کے لئے میں اتنا عرض کر دوں کہ وہاں ایک پولٹیکل لاک اپ ہے جیل کوئی نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ! جی شاہ صاحب۔

سید قاسم شاہ : میں نے جیسے تحریک کی وضاحت کی ہے کہ جیل سے یہ افراد فرار ہوئے ہیں۔ میں عرض کرتا ہوں کہ اسی لاک اپ کو جیل کا نام میں نے دیا ہے۔ تو جناب چونکہ ان کو سزا بھی سنائی گئی تھی جس میں قید بھی تھی، جرمانہ بھی تھا، اس سے بچنے کے لئے انہوں نے فرار اختیار

گیا ہے، وہاں ڈیوٹی پر لیوی کے کوئی گیارہ افراد موجود تھے جس رات کو وہ فرار ہوئے ہیں۔ ان پر مقدمہ چلایا گیا ہے، ان میں سے تین کو اسی تاریخ سے ڈسمس کیا گیا ہے اور گیارہ کے گیارہ کو معطل کیا گیا تھا۔ ان پر مقدمہ چلایا گیا۔ ان میں سے تین جو قصوروار پائے گئے تھے کو ڈسمس کیا گیا ہے، اور تین سال کے لئے ڈیرہ اسماعیل خان کی جیل میں بند کر دیا گیا ہے۔

جناب والا! دوسری بات یہ ہے کہ ان آٹھ میں سے دو کو پکڑا جا چکا ہے اور باقی چھ جو مفرور ہیں ان کو پکڑنے کے لئے حکومت پوری طرح سے کوشش کر رہی ہے کہ ان کو گرفتار کیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی چوہدری صاحب اب آپ فرمائیں۔

جناب محمد طارق چوہدری: اس وضاحت کے بعد وزیر موصوف کو باعزت بری کیا جاتا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ! ناٹ پریسڈ، نمبر ۶۰ بھی طارق چوہدری صاحب کی تحریک التوا ہے۔

(ii) *RE*: THE DECISION OF THE GOVERNMENT TO CANCEL THE EXISTING PAKISTANI PASSPORTS.

جناب محمد طارق چوہدری: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ عوامی دلچسپی کے حامل اس اہم ترین مسئلہ کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے کہ حکومت کے اعلان کے مطابق تمام پاسپورٹ منسوخ کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ ملکی پاسپورٹ میں اس قدر وسیع پیمانے پر ہونے والی جعل سازی اور بددیانتی کو جس کے نتیجے میں اس قدر وسیع اقدام کرنا پڑے انتہائی اہم اور غیر معمولی واقعہ ہے۔ اس کے نتائج و عواقب غیر معمولی حد تک وسیع اور دور رس ہوں گے۔ لہٰذا اس اہم ترین مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جانا ضروری ہے۔

Raja Nadir Pervaiz Khan: Opposed.

جناب محمد طارق چوہدری: بس یہ کہیں ابھی مخالفت۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی راجہ نادر پرویز صاحب ۔

جناب راجہ نادر پرویز خان : شکریہ جناب ! یہ تو ہماری عادت ہوگئی ہے کہ چوہدری صاحب کی روزانہ دو تین تحاریک کا جواب دیتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : چوہدری صاحب اپنا پورا فرض ادا کر رہے ہیں۔

